کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۹ محرم الحرام سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۵ فروری سنہ ۱۹۴۱ء (جلد ۵۲)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری اتحاد عمل نسبت تعمیل سمن ما بین حکومت بڑودہ و ریاست ہذا	۲	
۲	منظوری تقرر چارلس کینڈس سیکنڈ راپرٹ مرتضی انجینئری	۳	
۳	منظوری قیام ٹریننگ بٹالین بجائے موجودہ ٹریننگ کمپنی دسکنڈری انفورسمنٹ	۹۶	

آرڈرزان کونسل - رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری اضافہ گریڈ مولوی شبیر احمد خاں اسسٹنٹ اسٹیٹ ایڈوکیٹ	۷	
۲	منظوری مسدودی پنشن رام بہادر لال پنشنر	۷	
۳	تقرر مسٹر سلطان خاں بعہدہ گارڈن اسسٹنٹ صیغہ باغات	۸	

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۵ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

رپورٹ منظور ہے۔ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض،　　خیر گسانند

جناب عالی

حسب معاہدہ حکومت ہند ریاست عالیہ رامپور کا اب تک یہ عملدر آمد رہا ہے کہ تحت ضابطہ دیوانی برٹش انڈیا سے جو ثمن افراد رعایا کی تعمیل کے لئے بھیجے جائیں۔ اون کی باضابطہ تعمیل کرادیجائے لیکن چونکہ اب حکومت عدن اور برما حکومت ہند میں شامل نہیں ہیں۔ اس لئے صاحب ریزیڈنٹ بہادر نے بذریعہ تحریر ۱۲ر دسمبر سنہ ۱۹۴۰ء استدعا کی ہے کہ ثمنوں کی تعمیل کے سلسلہ میں جو اب تک ریاست رامپور اور حکومت ہند کے مابین اتحاد عمل قائم ہے۔ وہی رابطہ حکومت برما اور عدن سے قائم کرلیا جائے لہذا ترقیخواہ مستدعی ہے کہ ان ثمنوں کی تعمیل کے سلسلہ میں جو تحت ضابطہ دیوانی موصول ہوں۔ حسب استدعائے صاحب ریزیڈنٹ بہادر برما اور عدن کی حکومتوں سے بھی وہی اتحاد عمل قائم فرمانے کی منظوری مرحمت فرمائی جائے جو اب تک حکومت ہند کیساتھ قائم ہے۔ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے زیادہ حد ادب دولت واقبال جاوید باد

عبد الصمد

دستخط عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ اصل کاغذ بعد اجرائے احکام محکمۂ عالیہ دار الانشاء کو واپس ہو ۲۴ر جنوری سنہ ۱۹۴۱ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۴ر فروری سنہ ۱۹۴۱ء

لجراحت رپورٹ۔ یوجین ذے۔ ہرشیں سی۔ نیجا۔ شیخ محمد محسن اور سید ذاکر حسین نقوی چار امیدواران کا تقرر ۱۰ر فروری سنہ ۱۹۴۱ء سے سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں بحیثیت کیڈٹ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض　　خیر سانند

جناب عالی

ترقیخواہ بعد ادب مستدعی ہے کہ حسب ذیل امیدواران کو ۱۰ر فروری سنہ ۱۹۴۱ء سے سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں

بحیثیت کیڈیٹ مقرر کیے جانے کی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔

(۱) یوجین فرے Eugen Frey ساکن ۱۰۲ سول لائن بریلی
(۲) ہرش - سی - تنیجا Harish C. Taneja ساکن جبرپاکول فیلڈ۔
(۳) شیخ محمد محسن۔ ساکن منڈپورہ مراد آباد۔
(۴) سید ذاکر حسین نقوی۔ ولد میجر ڈاکٹر سید امتیاز حسین صاحب اسٹاف سرجن۔ رامپور

زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید۔

عرض

ترقیم شدہ و دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
معروضہ ۹ر فروری سنہ ۱۹۴۱ء

حکم:- ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۴۱ء

حسب صراحت نقشہ جات منسلکہ موجودہ ٹریننگ کمپنی و سکنڈری انفورسمنٹ کے بجائے قیام ٹریننگ بٹالین کی منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض | جناب عالی | معروض

صاحب ملٹری ایڈوائزر انچیف نے ایک جدید اسکیم ارسال کی ہے جسکی رو سے موجودہ ٹریننگ کمپنی اور سکنڈری انفورسمنٹ کے بجائے ایک ٹریننگ بٹالین جسکی نفری علاوہ فالوارز کے ۵۰۰ ہوتی ہے۔ قایم کی جائے گی۔

جدید اسٹیبلشمنٹ کے مفصل نقشہ جات بجہت صدور حکم منظوری حضور انور میں پیش ہیں۔ عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کو اس سے اتفاق ہے۔

بعد منظوری اسٹیبلشمنٹ مصارف کی تفصیلات مطابق اسکیل منظور شدہ اجلاس ہمایوں بمشورہ صیغۂ فائنانس طے کر لی جائیں گی۔

سال حال کے مصارف کے لئے ذریعہ منتقلی رقم فراہم کی جائے گی سپلیمنٹری گرانٹ کی ضرورت نہیں ہوگی۔

ترقیم پذیر ہوا۔ مستدعی ہے کہ حکم منظوری اسٹیبلشمنٹ حسب صراحت نقشہ منسلکہ پیشگاہ ہمایوں سے مشرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد

عرض

ترقیم شدہ و دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
معروضہ ۱۱ر فروری سنہ ۱۹۴۱ء

ٹریننگ یونٹ سکنڈری الفورسمنٹ کا موجودہ ومجوزہ اسٹیبلشمنٹ

نام سرشتہ	[illegible]	[illegible]	حوالدار	نائک	سپاہیان	[illegible]	میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
ٹریننگ کمپنی	۱	۳	۷	۶	۱۶۰	۰	۱۷۷	۴	۴	۲	۱	۰	۰	۰	۰	
سکنڈری الفورسمنٹ	۲	۳	۴	۴	۵۵	۰	۶۶	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	موجودہ اسٹیبلشمنٹ
میزان کل	۳	۵	۱۱	۱۰	۲۱۵	۰	۲۴۳	۴	۴	۲	۱	۰	۰	۰	۰	
ٹریننگ یونٹ	۶	۷	۲۱ حوالدار ۲۰ لیس نائک ۱	۲۳	۵۲۵	۳	۵۸۵	۹	۹	۶	۲	۱	۳	۲	۲	مجوزہ اسٹیبلشمنٹ
کمی	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
بیشی	۳	۲	۱۰	۱۳	۳۱۰	۳	۳۴۱	۵	۵	۴	۱	۱	۳	۲	۳	

دستخط کمانڈنگ آفیسر صاحب سکنڈرا ... رامپور مرتضیٰ انفنٹری

نقشہ تفصیلی مجوزہ ٹریننگ یونٹ

نمبر شمار	عہدہ	تعداد	تنخواہ ماہانہ: مشاہرہ	تنخواہ ماہانہ: [illegible]	تنخواہ ماہانہ: [illegible]	تنخواہ ماہانہ: [illegible]	تنخواہ ماہانہ: میزان	کیفیت
۱	میجر کمانڈنگ آفیسر	۱	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
۲	کیپٹن ایڈجوٹنٹ کوارٹر ماسٹر	۱	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
۳	سیکنڈ لفٹننٹ	۳	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	
۴	صوبیدار میجر	۱	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	
۵	صوبیدار	۲	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	
۶	جمعدار ایڈجوٹنٹ کوارٹر ماسٹر	۱	[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
۷	جمعدار کلرک	۱	تنخواہ گریڈ [illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	
۸	جمعدار	۲	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	
۹	حوالدار میجر	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	گڈ کنڈکٹ مقررہ علیحدہ پائے گا
۱۰	[illegible] حوالدار میجر	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۱۱	بٹالین حوالدار کوارٹر ماسٹر	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۱۲	کمپنی حوالدار کوارٹر ماسٹر	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۱۳	حوالدار کلرک	۱	تنخواہ گریڈ [illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	//
۱۴	آرمر حوالدار	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۱۵	حوالدار	۱۳	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۱۶	لیس حوالدار	۱	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۱۷	نائیک ایجوکیشنل	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۱۸	نائیک کلرک	۱	تنخواہ گریڈ [illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	//
۱۹	لے نائیک	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۲۰	نائیک	۱۹	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//
۲۱	لے پیس	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	//

نمبر شمار	عہدہ	تعداد	تنخواہ ماہانہ: مشاہرہ	الاؤنس	پنشن	[illegible]	میزان	کیفیت
۲۲	سپاہی کلرکس	۳	[illegible]	.	.	[illegible]	[illegible]	گو کمانڈنٹ مقرر و علیحدہ پائیں گے۔
۲۳	سپاہی کارپنٹر	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۶/۵	[illegible] ۶/۵	〃
۲۴	سپاہی ایجوکیشنل	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۶/۵	[illegible]	〃
۲۵	سپاہی اسٹورمین	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	〃
۲۶	سپاہی اسسٹنٹ آرمر	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۶/۵	[illegible] ۶/۵	〃
۲۷	سپاہی ٹیلر	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible] ۶/۵	[illegible]	〃
۲۸	لیس سپاہیان	۵۱۲	[illegible]	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]	〃
۲۹	بگلر	۲	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	〃
۳۰	بوٹ میکر	۲	[illegible]	.	.	.	[illegible]	
۳۱	لانگری	۹	[illegible]	.	.	.	[illegible]	
۳۲	سقہ	۹	[illegible]	.	.	.	[illegible]	
۳۳	خاکروب	۷	[illegible]	.	.	.	[illegible]	
۳۴	سائیس	۳	[illegible]	.	.	.	[illegible]	
۳۵	ٹیچکیدار	۱	[illegible]	.	.	.	[illegible]	
	اسسٹنٹ افسر	انڈین افسر	حوالدار	نائک	لیس سپاہیان	بگلر	فالوور	
	۶	۷	۲۱	۲۳	۵۲۶	۲	۳۰	
						۵۸۵		

(دستخط کمانڈنگ افسر صاحب ٹریننگ [illegible])

آرڈرز ان کونسل - رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۱۰ فروری ۱۹۳۱ء میں حکم عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲ فروری ۱۹۳۱ء بدیں مضمون پیش ہوا کہ " مولوی بشیر احمد خان اسسٹنٹ اسٹیٹ ایڈوکیٹ از روئے استحقاق معدوقہ صیغہ فائنانس ۱۹ جنوری ۱۹۳۱ء سے اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہانہ کے مستحق ہیں۔ رقم اضافہ بجٹ میں منظور ہو چکی ہے۔ لہذا انکی موجودہ تنخواہ میں پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ بتاریخ ۱۹ جنوری ۱۹۳۱ء منظور کیا جاتا ہے "

طے پایا کہ:-

کونسل کو حکم مصرحہ بالا سے اتفاق ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ بغرض ترتیب مسل سررشتہ کونسل ہو کر سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا کی برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو بھیجی جائے

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ واقع ۱۲ فروری ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۱۰ فروری ۱۹۳۱ء میں عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ رام بہروسے لال پنشنر سابق چار روپیہ تین آنہ ماہانہ مستقل پنشن پاتا تھا نامبردہ نے محکمہ زراعت میں دوبارہ ملازمت کر لی تھی۔ وہاں سے بعلت غبن وجعل مقدمہ چلایا گیا۔ چنانچہ عدالت سے بہ ثبوت جرم سزایاب ہو کر بحکم ۲۶ ستمبر ۱۹۳۰ء از تاریخ معطلی ۱۱ جولائی ۱۹۳۰ء برخاست کیا گیا۔ لہذا تحت دفعہ ۲ (ب) قواعد پنشن بعلت بد دیانتی و جعلسازی نامبردہ کی پنشن قطعاً مسدود کئے جانے کے قابل ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب دفعہ ۲ (ب) قواعد پنشن رام بہروسے لال کی پنشن تعدادی چار روپیہ تین آنہ ماہانہ از ۱۱ جولائی ۱۹۳۰ء بعلت بد دیانتی وغیرہ قطعی طور پر مسدود کی جانا منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ :- واقع ۱۲ فروری ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۱۰ فروری ۱۹۳۱ء میں حکم عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۹ فروری ۱۹۳۱ء بدیں مضمون پیش ہوا کہ عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

نے صیغۂ باغات میں گارڈن اسسٹنٹ کی ایک عارضی
جدید اسامی کی تجویز کرتے ہوئے تحریک کی ہے کہ مسٹر
سلطان خاں باشندۂ ضلع خیر کا عارضی تقرر از ۲۸ جنوری ۱۹۴۱ء
تا ۳۱ مارچ ۱۹۴۱ء بعہدہ گارڈن اسسٹنٹ بشاہرہ
پچاس روپیہ منظور کیا جائے - تنخواہ مد شاہرات
نگرانی باغات سے دیگی - جس میں مد شاہرات پارک
خاص باغ سے رقم منتقل ہوجائے گی - سروس سیلکشن بورڈ نے
نامبردہ کے تقرر سے اتفاق کرتے ہوئے تحریک کیا ہے
کہ اس تجربہ اور قابلیت کا کوئی مقامی امیدوار دستیاب نہیں
ہوا - لہذا حسب اتفاق صیغۂ فائنانس - صیغۂ باغات
میں از ۲۸ جنوری ۱۹۴۱ء تا ۳۱ مارچ ۱۹۴۱ء گارڈن
اسسٹنٹ کی جدید عارضی اسامی بشاہرہ پچاس روپیہ
منظور کی جاتی ہے - اور اس پر مسٹر سلطان خاں
باشندہ ضلع خیر کا عارضی تقرر بشاہرہ پچاس روپیہ
برائے زمانۂ مصرحۂ بالا منظور کیا جاتا ہے ۔"

طے پایا کہ :-

کونسل کو حکم مصرحہ بالا سے اتفاق ہے -

حکم ہوا کہ -

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے ترتیب مثل سررشتہ متعلقہ کو
مرسلہ - سررشتہ صدر سے حکم ہذا کی ایک نقل
برائے اندراج گزٹ مطبع کو ارسال کی جائے -

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)